نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

11 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

009/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ کسانوں کیلئے اعانت

جانوروں کیلئے ادویات، بیجوں کی فراہمی اور دیگر منصوبوں کیلئے نقد رقوم سے خاندانوں کو مدد ملے گی

پشاور (11 جنوری 2011ء) ___ خیبر پختونخوا اور امریکہ کے حکام نے صوبے میں سیلاب سے متاثرہ کسانوں کو گندم کا اعلیٰ معیار کا بیج فراہم کرنے کیلئے اپنے کامیاب اشتراک کی مناسبت سے آج ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ 62 ملین ڈالر مالیت کے زرعی بحالی کے پروگرام میں صرف خیبر پختونخوا کیلئے 21 ملین ڈالر کی رقم شامل ہے جس سے گزشتہ موسم گرما میں سیلاب سے متاثر ہونے والے کسانوں کی بحالی میں مدد ملے گی۔

اس پروگرام کے تحت صرف ربیع کی فصل کی کاشت کے وقت ملک بھر میں کاشتکار گھرانوں میں بیج تقسیم کیے گئے۔ اگر کسانوں کو اس موسم خزاں میں بیج نہ ملتے تو وہ 2011ء میں گندم کی فصل نہیں لے سکتے تھے جس سے دیہی آبادیاں اپنی خوراک کے اہم جزو سے محروم رہ جاتیں اور بہت سے خاندانوں کو غربت اور بھوک کے خطرے کا سامنا ہوتا۔

اس میں نظام آبپاشی کی صفائی اور مرمت کے منصوبوں پر کام کیلئے نقد رقم اور خاندانوں کیلئے غذائی اشیاء کی پیداوار بڑھانے کیلئے اشد ضروری سبزیوں کے بیج فراہم کرنا بھی شامل ہے۔ اس پروگرام کے تحت، جانوروں میں پھوٹ پڑنے والی بیماریوں کی روک تھام کیلئے امدادی خوراک اور ادویات اور سیلاب کے بعد خیبر پختونخوا میں زرعی شعبے کی مجموعی بحالی کیلئے اعانت کی فراہمی بھی شامل ہے۔

یہ پروگرام خیبر پختونخوا حکومت اور امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کی مشترکہ کاوش ہے اور اس پر خوراک و زراعت کے عالمی ادارے کے ذریعے عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ صوبائی ادارہ برائے تعمیر نو، بحالی اور آبادکاری (پی اے آر آر ایس اے) اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے صوبائی ادارے (پی ڈی ایم اے) نے بیج کی تقسیم کیلئے دیہات اور یونین کونسلوں کی نشاندہی کی اور اضلاع میں کسانوں کی تربیت اور بیج کی باکفایت تقسیم کو یقینی بنانے کیلئے انتھک کام کیا۔

امریکہ کی پاکستان کیلئے اقتصادی اور ترقیاتی امداد کی رابطہ کار سفیر رابن رافیل نے کہا کہ اس اہم پروگرام کے نتیجے میں تیرہ لاکھ سے زائد کاشتکاروں کی خوراک کی ضروریات کو تحفظ دیا گیا ہے۔ ہمیں حکومتِ پاکستان کی اپنے شہریوں کو ان ضروری اشیاء کی فراہمی میں مدد کرنے پر خوشی ہے۔

یو ایس ایڈ کی جانب سے حکومتِ پاکستان کے ساتھ جاری اشتراک سے خیبر پختونخوا کے زرعی وسائل کے احیاء اور صوبہ بھر میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں معاشی سرگرمیوں کو بحال کرنے میں مدد ملے گی۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3